محمد یوسف طاہر قریشی

نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

احمد مرسل ﷺ ہادی پیارے　　کتنے ہیں خوب رسول ﷺ ہمارے
مہکی مہکی سیرت اُن کی　　دمکی دمکی صورت اُن کی
بال تھے اُن کے گھونگریالے　　کالی رات سے بڑھ کر کالے
رہتے ایسے بال معطر !　　شرماتے تھے مشک و عنبر
پیشانی تھی ایسی رخشاں　　چاند کی چاندنی جس پر قرباں
عین ہلال تھے گویا ابرو!　　سرمگیں آنکھیں شرم سے مملو!
بینی گویا نور کا لمعہ　　ستواں اور بلند اور بیضا
لب تھے گویا لعل بدخشاں　　جیسے گلبن کی پنکھڑیاں
دانت لآلی کی تھے لڑیاں　　جیسے موتیے کی ہوں کلیاں
اجلا اجلا چہرہ قرآں　　ٹھنڈا پیارا مکھڑا قرآں
سینہ خوب کشادہ، چوڑا　　گویا نور کا ہو اک دریا
رونقِ حسن کا یہ عالم تھا　　چودھویں رات کا چاند لجاتا
جس انساں سے ہاتھ ملاتے　　اس کے ہاتھ میں مہک رچاتے
غرضیکہ تھے حسن میں یکتا　　علم، کمال، سخن میں یکتا

طاہرؔ دل تھا رحم کا بقعہ
صبر کا ساگر حلم کا بقعہ